DAY — 08 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 20 | 1500 | **J-310** | (U)

POLITICAL SCIENCE (42)

Time : 3 Hrs. **(7 Pages)** **Max. Marks : 80**

نوٹ :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) سوال کے بائیں جانب نمبرات کی تفصیل درج ہے۔

(۳) ہر نئے سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱ :- (الف) قوسین میں دئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجئے۔ (5) **[20]**

(۱) ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (W.T.O.) کو ..... سال میں قائم کیا گیا تھا۔

(2005ء، 1995ء، 1985ء، 1975ء)

(۲) 1960ء کی دہائی میں کاشتکاری کے میدان میں بھارت میں ..... انقلاب آیا۔

(دودھ کے میدان میں، مچھلی کے میدان میں، سبز، صنعتی)

(۳) قوم پرستی ..... ایکتا یا اتحاد پیدا کرنے کا جذبہ ہے۔

(معاشی، سماجی، علاقائی، سیاسی)

(۴) لوک پال اس اصطلاح کو ..... ملک سے لیا گیا ہے۔
(امریکہ، انگلینڈ، کینڈا، سوِڈن)

(۵) 1972 میں بھارت اور پاکستان کے درمیان ..... معاہدہ ہوا تھا۔
(لاہور، شملہ، تاشقند، پنچ شیل)

(ب) دئے گئے سیٹ میں غلط جوڑی درست کرکے دوبارہ لکھیے۔ (3)

(۱) (الف) پنڈت جواہر لال نہرو - ڈسکوری آف انڈیا
(ب) تمل لوگوں کے حقوق کی جدوجہد - سارک (SAARC)
(ج) امریکہ - پگھلتا برتن (Melting Pot)

(۲) (الف) مہاراشٹر لوک آیکت - 1972ء
(ب) حق معلومات ایکٹ (قانون) - 2008ء
(ج) صارف کے تحفظ کا قانون - 1986ء

(۳) (الف) یورپ - NATO
(ب) مغربی ایشیاء - CENTO
(ج) افریقہ - SEATO

(ج) مندرجہ ذیل بیانات کو نیچے دی ہوئی وجوہات کی مدد سے مکمل کیجئے۔ (4)

(۱) ماسٹریچ (Maastricht) معاہدہ کیا گیا تھا۔
(الف) یوروپین یونین کا قیام
(ب) BRICS کا قیام
(ج) سارک تنظیم کا قیام

(۲) سوشلسٹ بازار معیشت اس اصطلاح کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(الف) بھارت

(ب) چین

(ج) امریکہ

(۳) بھارت کا جنس سے متعلق نظریہ زور دیتا ہے۔

(الف) تعلیم

(ب) عورتوں کو بااختیار بنانا

(ج) ترقّی

(۴) چارو مجمدار کا تعلق ہے۔

(الف) نکسلی تحریک

(ب) حزب المجاہدین

(ج) آسام تیل ناکہ بندی

(د) دیئے گئے بیانات سے تعلق رکھنے والی اصطلاح لکھئے۔ (4)

(۱) بھارتی حکومت کا تھنک ٹینک جو ترقی کے لئے رہنمائی اور پالیسیاں بناتا ہے۔

(۲) سماج میں ڈر اور خوف کا ماحول پیدا کرنے کے لئے کیا جانے والا عمل۔

(۳) حکومت کے فیصلہ کرنے کے عمل میں لوگوں کی شرکت۔

(۴) دوسری عالمی جنگ کے بعد امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان پیدا ہونے والا تناؤ۔

(ہ) مندرجہ ذیل میں سے غیر متعلقہ لفظ لکھئے۔ (4)

(۱) BIMSTEC کے ممبر۔ بھارت، بھوٹان، نیپال، امریکہ

(۲) فیس بک، انسٹاگرام، واٹس اپ، انٹرنیٹ

(۳) آب وہوا کی تبدیلی، آلودگی، جنگلات کی کٹائی، غریبی

(۴) مقنّنہ، عاملہ، عدلیہ، کارپوریشن

سوال نمبر۲ :- (الف) خاکہ مکمل کیجئے : (4) **[9]**



(ب) مندرجہ ذیل نقشہ کا مطالعہ کرکے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ (5)



(۱) سوویت یونین کے بکھراؤ کے بعد وجود میں آنے والے پانچ ممالک کے نام لکھئے۔

سوال نمبر۳ :- مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط، وجہ بتا کر لکھئے۔ (کوئی پانچ) [10]

(۱) عالم گیریت کی وجہ سے غیر سرکاری تنظیموں کی اہمیت کم ہوگئی۔

(۲) کثیر قومی کمپنی (Multinational company) کا صدر دفتر کسی ایک ملک میں نہیں ہوتا۔

(۳) خواتین کے قومی کمیشن کو خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لئے قائم کیا گیا ہے۔

(۴) 1986ء کی دہائی اقوام متحدہ میں عورتوں کی دہائی کہلاتی ہے۔

(۵) بھارت کی آزادی کی تحریک قومی یکجہتی کے لئے سازگار ثابت ہوئی۔

(۶) 1980ء کی دہائی انسان دوست مداخلت کا سنہری دور کہلاتا ہے۔

(۷) اچّھی حکمرانی کا مقصد قدرتی وسائل کا معقول استعمال ہے۔

سوال نمبر۴ :- مندرجہ ذیل کے درمیان باہمی تعلق قائم کیجئے : (کوئی تین) [9]

(۱)	سرد جنگ کا خاتمہ	-	نئے ممالک کا قیام
(۲)	عالم گیریت	-	تہذیب
(۳)	غریبی	-	ترقی
(۴)	جموں کشمیر	-	سرحد پار سے دہشت گردی
(۵)	بھارت	-	غیر جانبداری

سوال نمبر۵ :- مندرجہ ذیل کے بارے میں 25 سے 30 الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ [12]
(کوئی تین)

(۱) تکنیکی ترقی کا انسانی زندگی پر اثر ہوا ہے۔

(۲) ماحول کی حفاظت وقت کی ضرورت ہے۔

(۳) دہشت گردی بین الاقوامی مسئلہ ہے۔

(۴) ای گورننس کی وجہ سے انتظامیہ عوام کے قریب آئی ہے۔

(۵) بھارت ایک ابھرتی ہوئی طاقت ہے۔

سوال نمبر ٦ :- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 80 تا 100 الفاظ میں دیجئے۔ (کوئی دو) [10]

(۱) یوروپین یونین کے کام کس طرح چلائے جاتے ہیں، واضح کیجئے۔

(۲) عالمگیریت کے سبب سیاسی مسائل واضح کیجئے۔

(۳) بھارت میں عورتوں کے مسائل کو واضح کیجئے۔

(۴) قومی یکجہتی کو قائم کرنے میں ریاست کے کردار کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر۷ :- مندرجہ ذیل سوالات کا جواب 150 تا 200 الفاظ میں دیجئے۔(کوئی ایک) [10]

(۱) اچھی حکمرانی کی مندرجہ ذیل قدروں کو واضح کیجئے۔

(الف) شراکت داری (Participatory)

(ب) شفافیت (Transparency)

(ج) قانون کی حکمرانی (Rule of law)

(د) اتفاقِ رائے (Consensus oriented)

(ہ) جوابدہی (Accountability)

(۲) بھارت کی خارجہ پالیسی کو اثر انداز کرنے والے عناصر:

(الف) جغرافیہ (Geography)

(ب) تاریخ (History)

(ج) معیشت (Economy)

(د) سیاست (Polity)

(و) بین الاقوامی نظام (International system)

◆◆◆